مولانا سلطان محمود ناظم دفتر

احوال و کوائف دارالعلوم

حضرت مہتمم صاحب کا سفر مشرقی پاکستان جنوری ۱۹۶۹ء کے پہلے ہفتہ میں ڈھاکہ میں جمعیۃ العلماء اسلام مشرقی پاکستان کا عظیم الشان اجتماع ہوا اس اجتماع اور جمعیۃ کے مرکزی کونسل کی میٹنگوں میں شمولیت کیلئے مشرقی پاکستان کے جمعیۃ العلماء اور وہاں کے چند سرکردہ حضرات کی خواہش اور دعوت پر حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہٗ ۲ر جنوری کو ڈھاکہ تشریف لے گئے۔ مدیر ماہنامہ الحق مولانا سمیع الحق بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ۲ر جنوری کو روانگی سے قبل آپ نے لاہور کے میو ہسپتال میں حضرت مولانا عبید اللہ انور مدظلہٗ کی عیادت کی اور راہ حق میں ابتلاء اور استقامت پر انہیں مبارکباد پیش کی۔ ۱۰ بجے آپ حضرت مولانا درخواستی مدظلہٗ مولانا مفتی محمود صاحب، حضرت مولانا محمد یوسف بنوری، مولانا خان محمد صاحب کندیاں اور دیگر زعماء جمعیت کے ساتھ ڈھاکہ روانہ ہوئے، ڈھاکہ ایرپورٹ پر وہاں کے جمعیۃ العلماء اور دیندار مسلمانوں نے کثیر تعداد میں اکابر جمعیۃ کا پرجوش استقبال کیا۔ ۴ر جنوری کو ایڈن ہوٹل کے وسیع لان میں جمعیۃ کا عمومی اجلاس شروع ہوا، پہلی نشست کی صدارت حضرت شیخ الحدیث مدظلہٗ نے فرمائی اور اختتام اجلاس میں صدارتی خطاب فرمایا۔ اس دوران آپ نے جمعیۃ کی مجلس شوریٰ کے اجلاس میں بھی شمولیت فرمائی۔ ۵ر جنوری کو بعد از مغرب آپ نے جمعیۃ کے اختتامی اجلاس میں بھی مفصل خطاب فرمایا۔ جس میں آپ نے اسلامی آئین کے بارہ میں صدر مملکت کے تازہ بیان کا خاص طور پر جائزہ لیا۔ اور اسلامی آئین کے نفاذ کے بارہ میں شبہات اور رکاوٹوں کا مدلّل طور پر جواب دیا۔ ۶ر جنوری کو جمعیۃ کی کارروائی ختم ہوئی۔ مگر وہاں کے کئی احباب کی خواہش پر آپ ۱۱ر جنوری تک ڈھاکہ میں ٹھہرے۔ اس اثناء جناب خواجہ مولانا انیس اللہ صاحب اور ان کے خاندان کے دیگر حضرات جناب خواجہ عبدالرحمان صاحب، جناب حاجی بشیر الدین صاحب بوگرہ، جناب مصطفیٰ احسن صاحب مدیر پاسبان جناب مجتبیٰ احسن صاحب، جناب ایس اے کبیر صاحب، جناب خواجہ خیر الدین صاحب ایم این اے اور دیگر حضرات کے ہاں خصوصی مجالس میں شرکت کی اور حاضرین کو اپنے گرانقدر نصائح سے نوازا۔ پچھلے سال کی طرح اس دفعہ بھی ان حضرات کے علاوہ جناب مولانا محی الدین صاحب اور مقامی جمعیۃ العلماء اسلام کے اکابر حضرات بالخصوص نواب باڑی کی خواجہ برادری نے حضرت شیخ الحدیث کی ضیافت اور خاطر داری میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس دوران آپ نے ٹونگی میں منعقد ہونے والے